10 جون 2016ء

مالی سال 16ء کے پہلے گیارہ مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر 5.6 فیصد نمو کے ساتھ 17.8 ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 16ء کے ابتدائی گیارہ مہینوں (جولائی تا مئی) کے دوران 17841.63 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 16898.32 ملین ڈالر کے مقابلے میں 5.6 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

مئی 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1799.39 ملین ڈالر تھی جو اپریل 2016ء کے مقابلے میں 8.6 فیصد زیادہ اور مئی 2015ء کے مقابلے میں 8.2 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک مئی 2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 547.77 ملین ڈالر، 380.74 ملین ڈالر، 202.1 ملین ڈالر، 240.58 ملین ڈالر، 216.71 ملین ڈالر، اور 41.64 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ مئی 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 528.35 ملین ڈالر، 399.49 ملین ڈالر، 221.12 ملین ڈالر، 194.17 ملین ڈالر، 190.66 ملین ڈالر اور 28.5 ملین ڈالر تھیں۔ مئی 2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 170 ملین ڈالر رہیں جبکہ مئی 2015ء میں ان ملکوں سے 101.03 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆